PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ایڈیلیڈٹیسٹ کا پہلا روز آسٹریلوی بلے بازوں کے نام

لاہور،29نومبر2019ء:

ایڈیلیڈ اوول میں جاری ٹیسٹ میچ کے پہلے روز آسٹریلیا نے 1وکٹ کے نقصان پر 302 رنز بنالیے ہیں۔ اوپنر ڈیوڈ وارنر اور مارنس لبو شین نے شاندار بلے بازی کرتے ہوئے ناقابل شکست سنچریاں داغ کرمہمان ٹیم کو مشکلات کا شکار کردیا ہے۔ میچ کے پہلے روزبارش کے باعث 73 اوورز کا کھیل ممکن ہوسکا۔

آسٹریلیا کے کپتان ٹم پین نے ٹاس جیت کے پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ آٹھ کے مجموعی اسکور پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد بائیں ہاتھ کے اوپنر ڈیوڈ وارنر اور دائیں ہاتھ سے بیٹنگ کرنے والے مارنس لبوشین نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئےمیچ میں میزبان ٹیم کی پوزیشن مستحکم کردی ۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 294 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم ہوچکی ہے۔

288 گیندوں کا سامنا کرنے والے ڈیوڈ وارنر نے 19 چوکوں کی مدد سے 166 رنز بنالیے ہیں۔ مارنس لبوشین نے 205 گیندوں پر 17 چوکے لگا کر 126 رنز بنائے ہیں۔

دونوں کھلاڑی میچ کے دوسرے روز آسٹریلیا کی جانب سے پہلی اننگز کے کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔میچ کے پہلے آسٹریلیا کے آؤٹ ہونے والے واحد بیٹسمین جوئے برنس تھے جو 4رنز بناکر شاہین شاہ آفریدی کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے۔

پاکستان کی جانب سے فاسٹ باؤلر موسیٰ خان ایڈیلیڈ میں جاری میچ میں اپنا ٹیسٹ ڈیبیو کررہے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content

Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk